| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | رنگوں کے نام | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ رنگوں کے نام جان سکیں۔تصویر کو دیکھ کر اس کا رنگ بتا سکیں۔ تصاویر میں رنگ بھر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف تہجی اُردو کی نظم سنائی جائے گی’ا تا ے‘تمام حروف کی صوتی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کونظم سنائی جائے گی۔ https://youtu.be/1pD01zrj3M4<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم رنگوں کے نام سیکھیں گے۔ بچوں کو نیلی، پیلی اور سرخ پنسل دکھا کران کے رنگ پوچھے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو کوئی نہ کوئی رنگ دیا ہے۔بغیر رنگ کے ساری چیزیں کتنی بور لگتیں۔ بچوں کو پیلا رنگ متعارف کروانے کے لیے لیموں، کیلا، کھلونا بطخ دکھائیے۔ابتدائی آواز کی پہچان کروائیے۔ بچوں کو نیلا رنگ متعارف کروانے کے لیے، نیلی پنسل، نیلی ٹوپی اور آسمان کا فلیش کارڈ دکھائیے اور سرخ کے لیے سیب، ٹماٹر، گاجر، کھلونا گاڑی کی تصاویر دکھائیے۔ایک وقت میں ایک رنگ متعارف کروائیے اس کا نام اور ابتدائی آواز کی دہرائی تین سے چار بار کروائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سرخ، نیلا اور پیلا پیپر دیں۔انہیں بیٹھنے کے لیے کہیے۔رنگ کا نام لیں (مثال کے طور پر نیلا) جن بچوں کے پاس نیلا رنگ ہوگا وہ کھڑے ہو کر چھلانگ لگائیں گے اور پھر بیٹھ جائیں گے۔ باری باری تینوں رنگوں کے لیے یہ سرگرمی کریں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ جب وہ کھڑے ہوں تو ان کے ہاتھ میں رنگ موجود ہو۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ٹماٹر، چھتری اور کیلا بنا ہوگا۔ بچوں کو ٹماٹر میں کریون کرنے، چھتری میں پنسل سے رنگ بھرنے اور کیلا میں پیلا پینٹ کرنے میں مدد کی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ | اشیاء نیلی پنسل گاجر، سیب، کیلا، لیموں، ٹماٹر فلیش کارڈ کھلونا بطخ نیلی ٹوپی، آسمان، کھلونا گاڑی<br>ورک شیٹ<br>کریون<br>پنسل رنگ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا رنگوں کے ناموں کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | رنگوں کے نام | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| | **اختتامیہ:**<br>سرخ، پیلا اور نیلا رنگ دکھا کر ان کے ناموں کی دہرائی کروائی جائے گی اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>بچوں کے چہروں پر تینوں رنگوں کی مدد سے پینٹ کیا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | رنگوں کے نام | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ رنگوں کے نام جان سکیں۔ تصویر کو دیکھ کر اُس کا رنگ بتا سکیں تصاویر میں رنگ بھر سکیں۔ | **دہرائی:** لال، نیلا اور پیلا رنگ دکھا کر ان کے نام اور ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو نظم سنائی جائے گی۔ https://youtu.be/1pD01zrj3M4<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم تین اور رنگوں کے نام جانیں۔ بچوں کو ہرا رنگ مختلف اشیاء کی تصاویر/ پی پی ٹی کے ذریعے متعارف کروایا جائے گا۔<br>**نوٹ:** پتا، درخت، گھاس، شملہ مرچ، جھنڈا، کھیرا، پالک، سلاد پتہ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہرا اور سبز ایک ہی رنگ کے دو نام ہیں۔ جس طرح سرخ کو لال بھی کہتے ہیں۔ بچوں کو نارنجی رنگ متعارف کروانے کے لیے مالٹا، گاجر، جاپانی پھل کھلونا چھتری، بستہ کے فلیش کارڈ دکھائیں۔ جامنی رنگ کے لیے بینگن، پیاز، انگور، کے فلیش کارڈ دکھائے جائیں گے۔ ایک وقت میں ایک ہی رنگ متعارف کروایا جائے گا اور اس کا نام اور ابتدائی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>طلباء کو چھ کے گروپوں میں تقسیم کیجیے۔ ہر گروپ کو ایک بڑا دائرہ (سفید چارٹ سے کٹا ہوا) دیجیے اور ایک رنگ بتائیے۔ جیسا کہ گروپ A سرخ رنگ دائرے میں بھریں گے گروپ C نارنجی وغیرہ بچے کریون کی مدد سے دائرے میں رنگ بھریں گے جب بچے رنگ بھر رہے ہوں تو سوالات کیجیے آپ کونسا رنگ بھر رہے ہیں؟ بچوں سے کتاب صفحہ 45 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے اور بچے کے ساتھ مل کر جملے پڑھے جائیں گے۔ میں لیموں ہوں۔ میرا رنگ ______ ہے۔ بچے بتائیں گے کہ کیا رنگ ہے۔ اسطرح تمام رنگوں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے ہرا، جامنی اور نارنجی رنگوں کی فلیش کارڈ کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ | فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ<br>کتاب صفحہ 45<br>5 منٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پھلوں کے ناموں اور تصاویر کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | گنتی 1 تا 10 | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ میں گنتی پڑھ سکیں۔ اشیاء کو گن کر الفاظ میں ان کی گنتی بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>رنگوں کے ناموں کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم الفاظ میں گنتی سیکھیں گے۔ بچوں کو بتائیے کہ Counting کو اُردو میں گنتی کہتے ہیں۔ فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے ایک تا دس گنتی تصاویر کے ساتھ دکھائی جائے گی۔ گنتی کو توڑ کر کے پڑھائیے جیسا کہ ا، یہ، ک ایک، دو، دو، ت، یہ، ن ۔تین ہر لفظی گنتی کی دہرائی دو سے تین بار کروائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دائرے کی شکل میں بٹھائیے۔ لفظی گنتی ایک تا دس کے فلیش کارڈ زمین پر ترتیب سے رکھ دیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر گنتی پڑھیں ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس اب بچوں کو آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کو کہیے۔ کوئی سا ایک لفظ چھپا دیجیے۔ اب بچوں کو دوبارہ گنتی پڑھنے کو کہیے کیا کوئی بچہ جان سکا ہے کہ کوئی ایک لفظ کا فلیش کارڈ نہیں ہے؟ ہر دفعہ کوئی اور لفظی گنتی کا فلیش کارڈ چھپائیں اور مشق کروائیے۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں اشیاء کو گن کر لفظی گنتی سے ملانے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>الفاظ میں گنتی کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ | الفاظ گنتی فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ/ کاپی<br>ایک، دو<br>تین، چار<br>پانچ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا<br>اُردو الفاظ میں گنتی کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | الفاظ میں گنتی | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ میں گنتی پڑھ سکیں۔ اشیاء کو گن کر الفاظ میں ان کی گنتی بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>الفاظ میں گنتی کی دہرائی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا اردو الفاظ میں گنتی کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو الفاظ میں گنتی کی ویڈیو دکھائی جائے گی۔ http://youtu.be/mtUYoKT.uPQ<br>بچوں سے کہیے کہ وہ سب کھڑے ہوجائیں اور جیسا آپ کہیں ویسا کریں۔<br>ایک۔دو۔تین۔چار۔پانچ بھاگو چھ۔سات۔آٹھ۔نو۔دس۔بھاگو<br>گھومو اور تالیاں بجاؤ۔<br>ایک۔دو۔تین۔چار۔پانچ اٹھو اور بیٹھو چھ۔سات۔آٹھ۔نو۔دس اٹھو اور بیٹھو<br>اٹھو اور بیٹھو چھلانگ لگاؤ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>چارٹ پیپر پر الفاظ میں گنتی ایک تا دس لکھیں۔ کاغذ کے گلاس پر 1-10 گنتی لکھیں۔ بچوں کو کاغذ کے گلاسوں پر لکھی ہوئی گنتی کو ان کی لفظی گنتی سے ملانے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | | |
| | **نوٹ:** سرگرمی کے لیے چارٹ پیپر اور کاغذ کے گلاس معلمہ ایک دن پہلے تیار کرے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 85 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کی گنتی کرنے اور لفظی گنتی کو پڑھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں اشیاء کو گن کر الفاظ میں گنتی سے ملانا ہوگا۔ | | کتاب صفحہ<br>85<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** الفاظ میں گنتی کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروایئے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | الفاظ میں گنتی/رنگوں کے نام (دہرائی) | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ رنگوں کے نام بتاسکیں۔لفظی گنتی کی پہچان کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کومختلف اشیاء دکھا کرالفاظ میں گنتی کی دہرائی کروائی جائے گی۔مثال کےطور پر''میرے ہاتھ میں کتنی پنسلیں ہیں؟'تین' | 5 منٹ | | بچوں کوغیررسمی طور پرجانچا جائے گا رنگوں کے نام اورلفظی گنتی کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم رنگوں کے ناموں اورالفاظ میں گنتی کی دہرائی کریں گے۔فلیش کارڈ کے ذریعےمختلف اشیاء دکھا کران کے نام پوچھے جائیں گےاوررنگ پوچھے جائیں گے۔بچوں کوتصاویر کے ساتھ لکھے ہوئےلفظی گنتی کےفلیش کارڈ دے کراشیاء کوگننے اورگنتی کو پڑھنے کوکہا جائے گا۔ | 10 منٹ | رنگوں کےفلیش کارڈ تصاویر کےساتھ لفظی گنتی کےفلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کودائرے کی صورت میں بٹھایا جائے گا۔قالین پرمختلف رنگوں کے کھلونے رکھے جائیں گے ہر بچے کوایک رنگ کا نام دیا جائے گا جیسے فاطمہ تمام سرخ رنگ کے کھلونے اکٹھے کریں گی،احمد تمام نیلے رنگ کے کھلونے جمع کرے گا۔اس سرگرمی کے لیے بچوں کے گروپس بنوادیں۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں اشیاء کوگننے،لفظی گنتی سے ملانے اور رنگ بھرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | | Revision<br>آ تا ت<br>ج تا خ<br>د تا ژ<br>س تا غ<br>ف تا ے |
| | **اختتامیہ:**<br>پی پی ٹی کے ذریعےلفظی گنتی کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>اشیاء کوگن کرلفظی گنتی سے ملایئے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |